D-145-VC
27-06-2018

VICE CHANCELLOR
University of the Punjab

جہات الاسلام کی خصوصی اشاعت پر وائس چانسلر کا پیغام

نبی کریم، رؤف الرحیم، خلقِ مجسم، فخرِ دو جہاں، حضرت محمد ﷺ وہ ذات بابرکات ہے جو وجۂ تخلیق کائنات ہے۔ اور پوری انسانیت کے لیے ہدایت ورہنمائی کا ذریعہ ہے۔ قرآن حکیم نے بجا طور پر آپ ؐ کو "اسوۂ حسنہ" سے تعبیر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری کائنات میں، جملہ انسانیت کے لیے آپ ؐ ہی مثالی نمونہ ہیں۔ مسلمانانِ عالم تو عقیدت و محبت اور اطاعت کا دم بھرتے ہی ہیں، غیر مسلم بھی آپ ؐ کی ذات کے مختلف گوشوں پر سینکڑوں تصانیف لکھ چکے ہیں۔

آپ ؐ کی ہستی کا قابلِ ذکر اور قابلِ فخر پہلو آپ ؐ کے اخلاق و کردار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ کو خَلقی یعنی حسنِ صورت سے بھی نوازا ہے اور خُلقی لحاظ سے بھی منفرد بنایا ہے یعنی حسنِ سیرت میں بھی آپ ؐ یکتا ہیں۔ یہ آپ ؐ کی وہ نمایاں صفات ہیں جو رہتی دنیا تک مشعلِ راہ رہیں گی۔

جہات الاسلام کلیہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی کا نہایت وقیع مجلہ ہے اور ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان سے منظور شدہ ہے۔ مجھے انتہائی خوشی ہے مجلہ جہات الاسلام، سیرت النبی ﷺ کے حوالہ سے خاص نمبر شائع کر رہا ہے اور اس میں بھی رسول اکرم ﷺ کے شمائل اور خصائل کو موضوع بنایا ہے جو ہر طرح سے کامل سراپا ہے۔ جس پر اندرون اور بیرونِ ملک کے علمی مقالات شائع ہوئے ہیں۔ اس طرح سے سیرت النبی ﷺ پر ایک خوبصورت گل دستہ تیار ہو گیا ہے۔ آپ ؐ کے اس تذکرہ کی خوشبو ان شاء اللہ چہار سو پھیلے گی۔ نیز اس کی بدولت معاشرے میں تعلیمات نبوی ﷺ کو فروغ حاصل ہو گا۔ مجھے امید ہے کہ جہات الاسلام کا یہ خاص شمارہ اردو ادب سیرت میں خوبصورت اضافہ کا سبب بنے گا۔

مجلہ کی مدیرۂ اعلیٰ پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت، مدیر پروفیسر ڈاکٹر محمد عبد اللہ اور ان کی ٹیم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ جنہوں نے سیرت النبی ﷺ پر اشاعت خاص کا تخیل پیش کیا اور عملی شکل دی نیز ان تمام اہل علم اور محققین کو جن کی خوبصورت تحریروں سے یہ مجلہ مزین ہوا بھی مبارک باد کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حضور نبی کریم ﷺ کی سچی محبت اور لگن عطا فرمائے اور اسے شفاعت کا ذریعہ بنائے۔

پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر (ستارۂ امتیاز)
وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی لاہور

Quaid-i-Azam Campus, Lahore-54590, Pakistan
Tel: +92 42 99 23 1098, Fax: +92 42 99 23 1101
E-mail: vc@pu.edu.pk